Making Recourse to Means Is Also an Aspect of Prayer

Take heed! The prayer which is referred to in the verse [1] اُدۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ *(Pray*

[1] *al-Mu'min,* 40:61

unto Me; I will answer your prayer) is one which requires the spirit that I have just described. If a person's supplications and humble expressions do not possess a spirit of sincerity, they are nothing more than squawks. Can anyone say that there is no need to make use of means? This is a misconception. The shariah does not prohibit the use of means and if you ask, is prayer not also a means? Or, are means not synonymous with prayer? The very search for means is in itself a prayer, and prayer in itself is a magnificent fountain of means! The physical design of humans, i.e. the form of their two hands and two feet, naturally guide and lead us to understand that we have been created to help one another. When this design can be observed in humans themselves, how astonishing and surprising would it be if one finds it difficult to understand the purport of the following verse:

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى [1]

And help one another in righteousness and piety.

Indeed, I proclaim that you even ought to search for means through prayer! In the context of helping your fellow man, I would not expect you to reject my conclusion, when I have pointed out the internal system established by Allah Almighty which exists in your physical bodies and which serves as a perfect guide in this respect. In order to clarify and further expound this fact to mankind, Allah the Exalted has instituted a system of Prophets, peace be upon them, on earth. It was and is within the power of Allah Almighty that if He so wills, He would have left the Prophets with no need to seek any form of assistance in their task. Yet, still there comes a time when they are left with no choice but to announce:

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ [2]

Who are my helpers in the cause of Allah.

Do the Prophets make this call in the form of a beggar who goes from house to house collecting scraps of bread? Not at all! Even in the words 'who are my helpers in the way of Allah,' there is majesty and grace. In actual fact, through this announcement, the Prophets desire to teach the people the importance of seeking recourse to apparent means, which is an aspect of prayer. Otherwise, they have complete and perfect faith and belief in the promises of Allah Almighty. They know that the following promise of Allah the Exalted is definite and categorical:

---

1 *al-Ma'idah,* 5:3

2 *as-Saff,* 61:15

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا[1]

Most surely We help Our Messengers and those who believe in the present life.

I believe that if God does not move a person's heart to help another, how could anyone be motivated to do so?

The Secret Behind a Divinely Commissioned One's Call for Help

The fact of the matter is that the True Helper and Supporter is that Being Whose greatness is extolled in the Quranic appellations describing Him to be an excellent Protector *(ni'mal-mawla),* an excellent Helper *(ni'man-naseer)* and an excellent Guardian *(ni'mal-wakeel).* In the eyes of the godly, this world along with its support is like the dead. They do not consider it to be worth even a dead insect. However, in order to teach the world a fundamental rule of prayer, they adopt this worldly method as well. In reality, they consider God Almighty to be the one who takes care of their ministry; that is the absolute truth. As stated in the Holy Quran:

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ[2]

And He protects the righteous.

Allah the Exalted, however, instructs them to make their work known through other people. The Messenger of Allah, peace and blessings of Allah be upon him, would appeal to the people for assistance because that era was one of divine succour, and the Holy Prophet[sa] constantly sought it in favour of the people. This is a subtle point which calls for deep reflection. In actuality, a person who is divinely commissioned does not seek the help of the people, but rather by proclaiming مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ[3] meaning: 'who are my helpers in the cause of Allah,' he only seeks to welcome and receive the assistance of God; with immense desire and a throbbing heart they seek to find God's succour. The foolish and short-sighted surmise that they seek to solicit the assistance of human beings, but this process of calling upon the people becomes a source of mercy and grace for the heart of a person, who becomes a catalyst for the descent of divine mercy. Hence, the underlying secret in the divinely commissioned calling upon the people for assistance is what I have just mentioned and so shall remain the case until the Day of Resurrection.

1 *al-Mu'min,* 40:52
2 *al-A'raf,* 7:197
3 *as-Saff,* 61:15

In propagating religion, those who are commissioned by Allah seek the help of others. Why is this the case? They do so to absolve themselves of their duty of inculcating the grandeur of God Almighty into the hearts of the people. If not, this is something which can reach a level that is near disbelief. Such holy personages can never deem anyone other than Allah to be a guardian of their affairs. This is absolutely impossible. I have just stated that the oneness of God is only completely realised when an individual considers the one and only Being of God to be the Bestower of all desires and the cure and remedy for every illness. This is precisely the meaning of لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ, (i.e. there is none worthy of worship except Allah). In this instance, the Sufis have taken the word *ilah* to mean the Beloved, the object of one's longing, the Being Who is worthy of worship and the desire of one's heart.

Undoubtedly, the reality and truth is that until a person does not fully adhere to the Oneness of God, they do not develop feelings of love and reverence for Islam; and I return to my initial discussion and state that such people cannot experience pleasure and satisfaction in prayer. The entire foundation rests on the fact that until evil thoughts, and impure and unholy schemes are not incinerated, and until ego and pride are not replaced with a state of self-effacement and humility, a person cannot become a true servant of God. Further, the best teacher and most supreme means by which perfect servitude can be taught is through prayer.

I tell you once again that if you desire to develop a sincere relationship and living connection with God Almighty, then adhere to the regular observance of your Prayers. Hold fast to this practice not merely with your body and tongue, but with all the desires and passions of your soul, thus becoming an embodiment of prayer.[1]

The secret in the sinlessness of prophets also lies in this fact. Why is a Prophet sinless? The response to this is that they are safeguarded from sin on account of their being wholly engrossed in the love of Allah. I am astonished when I observe various nations indulged in associating partners with God. The Hindus, for example, worship a plethora of idols; in fact, they even justify the worship of male and female genitalia. Then, there are those who worship a human corpse, i.e. Jesus Christ. Such people believe in the attainment of salvation or deliverance in varying forms. The former group, that is to say the Hindus, seek to be cleansed of sin through bathing in the Ganges, pilgrimage and other similar expiations.

---

1 *Al-Hakam,* vol. 3, no. 13, dated 12 April 1899, pp.3-7

Those who worship Jesus, declare the blood of the Christian Messiah to be an atonement for their sins. However, I proclaim that until the spirit of sin remains, how can such people find peace and comfort through outwardly cleansing and self-contrived doctrines? Until inner cleansing and purification takes place, it is impossible for one to attain the result of salvation, which is to be truly cleansed and purified. Indeed, a lesson may be learned nonetheless. Without cleaning, the filth and odour of the body cannot be removed, and it cannot be safeguarded against imminent and threatening illnesses. Similarly, the filth and impurity that accumulates on the hearts of people in the spiritual sense due to impiety and countless forms of impertinence, cannot be washed without the pure and holy water of repentance. In the physical realm, just as there is a philosophy which underpins various phenomena, there is a corresponding philosophy that exists in parallel within the spiritual realm. Blessed are those who contemplate these matters and reflect.

1 *Hud*, 11:113

رعایتِ اسباب دعا کا شعبہ ہے

سُنو! وہ دُعا جس کے لئے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (المؤمن:۶۱) فرمایا ہے اس کے لئے یہی سچی روح

مطلوب ہے۔ اگر اس تضرع اور خشوع میں حقیقت کی رُوح نہیں تو وہ ٹیں ٹیں سے کم نہیں ہے۔ پھر کوئی کہہ سکتا ہے کہ اسباب کی رعایت ضروری نہیں ہے؟ یہ ایک غلط فہمی ہے۔ شریعت نے اسباب کو منع نہیں کیا ہے اور سچ پوچھو تو کیا دُعا اسباب نہیں؟ یا اسباب دعا نہیں؟ تلاشِ اسباب بجائے خود ایک دعا ہے اور دعا بجائے خود عظیم الشان اسباب کا چشمہ۔ انسان کی ظاہری بناوٹ اس کے دو ہاتھ دو پاؤں کی ساخت ایک دوسرے کی امداد کا ایک قدرتی رہنما ہے۔ جب یہ نظارہ خود انسان میں موجود ہے پھر کس قدر حیرت اور تعجب کی بات ہے کہ وہ تَعَاوَنُوۡا عَلَى الۡبِرِّ وَ التَّقۡوٰى (المائدۃ:۳) کے معنے سمجھنے میں مشکلات کو دیکھے۔

ہاں! مَیں کہتا ہوں کہ تلاشِ اسباب بھی بذریعہ دعا کرو!!! امداد باہمی۔ میں نہیں سمجھتا کہ جب میں تمہیں تمہارے جسم کے اندر اللہ تعالیٰ کا ایک قائم کردہ سلسلہ اور کامل رہنما سلسلہ دکھاتا ہوں، تم اس سے انکار کرو۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات کو اور بھی صاف کرنے اور وضاحت سے دنیا پر کھول دینے کے لئے انبیاء علیہم السلام کا ایک سلسلہ دنیا میں قائم کیا۔ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر تھا اور قادر ہے کہ اگر وہ چاہے تو کسی قسم کی امداد کی ضرورت ان رسولوں کو باقی نہ رہنے دے۔ مگر پھر بھی ایک وقت اُن پر آتا ہے کہ وہ مَنۡ اَنۡصَارِیۡۤ اِلَى اللّٰهِ (الصّف:۱۵) کہنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ کیا وہ ایک ٹکڑ گدا فقیر کی طرح بولتے ہیں؟ نہیں۔ مَنۡ اَنۡصَارِیۡۤ اِلَى اللّٰهِ کہنے کی بھی ایک شان ہوتی ہے۔ وہ دنیا کو رعایت اسباب سکھانا چاہتے ہیں جو دعا کا ایک شعبہ ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ پر اُن کو کامل ایمان، اس کے وعدوں پر پورا یقین ہوتا ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ کہ اِنَّا لَنَنۡصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا (المؤمن:۵۲) ایک یقینی اور حتمی وعدہ ہے۔ مَیں کہتا ہوں کہ بھلا اگر خدا کسی کے دل میں مدد کا خیال نہ ڈالے تو کوئی کیوں کر مدد کر سکتا ہے۔

مامور من اللہ کی طلب امداد کا سِرّ

اصل بات یہی ہے کہ حقیقی مُعاون و ناصر وہی پاک ذات ہے، جس کی شان نِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَ نِعۡمَ النَّصِیۡرُ وَ نِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ۔ دنیا اور دنیا کی مددیں اُن لوگوں کے سامنے کَالۡمَیِّت ہوتی ہیں اور مردہ کیڑے

کے برابر بھی حقیقت نہیں رکھتی ہیں لیکن دنیا کو دعا کا ایک موٹا طریق بتلانے کے لئے وہ یہ راہ بھی اختیار کرتے ہیں۔ حقیقت میں وہ اپنے کاروبار کا متولّی خدا تعالیٰ ہی کو جانتے ہیں اور یہ بات بالکل سچ ہے وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ (الاعراف:۱۹۷) اللہ تعالیٰ ان کو مامور کر دیتا ہے کہ وہ اپنے کاروبار کو دوسروں کے ذریعہ سے ظاہر کریں۔ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مختلف مقامات پر مدد کا وعظ کرتے تھے اس لئے کہ وہ وقت نُصرتِ الٰہی کا تھا۔ اُس کو تلاش کرتے تھے کہ وہ کس کے شامل حال ہوتی ہے۔ یہ ایک بڑی غور طلب بات ہے۔ دراصل مامور من اللہ لوگوں سے مدد نہیں مانگتا بلکہ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ (الصّف:۱۵) کہہ کر وہ اُس نصرتُ اللہ کا استقبال کرنا چاہتا ہے اور ایک فرطِ شوق سے بے قرار دل کی طرح اس کی تلاش میں رہتا ہے۔ نادان اور کوتہ اندیش لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگوں سے مدد مانگتا ہے بلکہ اسی طرح پر اس شان میں وہ کسی دل کے لئے جو اس نصرت کا موجب ہوتا ہے ایک برکت اور رحمت کا موجب ہوتا ہے۔ پس مامور من اللہ کی طلب امداد کا اصل سِرّ اور راز یہ ہی ہے جو قیامت تک اسی طرح پر رہے گا۔ اشاعتِ دین میں مامور من اللہ دوسروں سے مدد چاہتے ہیں۔ مگر کیوں؟ اپنے ادائے فرض کے لئے تا کہ دلوں میں خدا تعالیٰ کی عظمت پیدا کرے ورنہ یہ تو ایک ایسی بات ہے کہ قریب بہ کفر پہنچ جاتی ہے۔ اگر غیر اللہ کو متولّی قرار دیں اور ان نفوس قدسیہ سے ایسا اِمکان محال مطلق ہے۔ میں نے ابھی کہا ہے کہ توحید تب ہی پوری ہوتی کہ کل مُرادوں کا مُعطی اور تمام امراض کا چارہ اور مداوا وہی ذاتِ واحد ہو۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے معنی یہی ہیں۔ صوفیوں نے اس میں اِلٰہ کے لفظ سے محبوب، مقصود، معبود مراد لی ہے۔

بے شک اصل اور سچ یوں ہی ہے جب تک انسان کامل طور پر توحید پر کاربند نہیں ہوتا اس میں اسلام کی محبت اور عظمت قائم نہیں ہوتی اور پھر میں اصلی ذکر کی طرف رجوع کر کے کہتا ہوں کہ نماز کی لذّت اور سرور اسے حاصل نہیں ہو سکتا۔ مدار اسی بات پر ہے کہ جب تک بُرے ارادے، ناپاک اور گندے منصوبے بھسم نہ ہوں، انانیت اور شیخی دور ہو کر نیستی اور فروتنی نہ آئے خدا کا سچا بندہ نہیں کہلا سکتا اور عبودیت کاملہ کے سکھانے کے لئے بہترین معلم اور افضل ترین ذریعہ نماز ہی ہے۔

مَیں پھر تمہیں بتلاتا ہوں کہ اگر خدا تعالیٰ سے سچا تعلق، حقیقی ارتباط قائم کرنا چاہتے ہو تو نماز پر کاربند ہو جاؤ اور ایسے کاربند بنو کہ تمہارا جسم نہ تمہاری زبان بلکہ تمہاری رُوح، تمہاری روح کے ارادے اور جذبے سب کے سب ہمہ تن نماز ہو جائیں۔[1]

عصمتِ انبیاء کا یہی راز ہے یعنی نبی کیوں معصوم ہوتے ہیں؟ تو اس کا یہی جواب ہے کہ وہ استغراقِ محبت الٰہی کے باعث معصوم ہوتے ہیں۔ مجھے حیرت ہوتی ہے جب ان قوموں کو دیکھتا ہوں جو شرک میں مبتلا ہیں جیسے ہندو جو قسم قسم کے اصنام کی پرستش کرتے ہیں یہاں تک کہ انہوں نے عورت اور مرد کے اعضاءِ مخصوصہ تک کی پرستش بھی جائز کر رکھی ہے اور ایسا ہی وہ لوگ جو ایک انسانی لاش یعنی یسوع مسیح کی پرستش کرتے ہیں۔ اس قسم کے لوگ مختلف صورتوں سے حصولِ نجات یا مکتی کے قائل ہیں مثلاً اول الذکر یعنی ہندو گنگا اِشنان اور تیرتھ یاترا اور ایسے ایسے کفاروں سے گناہ سے موکش چاہتے ہیں اور عیسیٰ پرست عیسائی مسیح کے خون کو اپنے گناہوں کا فدیہ قرار دیتے ہیں مگر میں کہتا ہوں کہ جب تک نفسِ گناہ موجود ہے وہ بیرونی صفائی اور خارجی معتقدات سے راحت یا اطمینان کا ذریعہ کیوں کر پا سکتے ہیں جب تک اندر کی صفائی اور باطنی تطہیر نہیں ہوتی ناممکن ہے کہ انسان سچی پاکیزگی اور طہارت جو انسان کو نجات سے ملتی ہے پا سکے۔ ہاں اس سے ایک سبق لو جس طرح پر دیکھو بدن کی میل اور بدبو بِدوں صفائی کے دور نہیں ہو سکتی اور جسم کو اُن آنے والے خطرناک امراض سے بچا نہیں سکتی اسی طرح پر روحانی کدورات اور میل جو دل پر ناپاکیوں اور قسم قسم کی بے باکیوں سے جم جاتی ہے دور نہیں ہو سکتی جب تک توبہ کا مصفا اور پاک پانی نہ دھوڈالے۔ جسمانی سلسلہ میں ایک فلسفہ جس طرح پر موجود ہے اس طرح پر روحانی سلسلہ میں ایک فلسفہ رکھا ہوا ہے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس پر غور کرتے ہیں اور سوچتے ہیں۔

[1] الحکم جلد ۳ نمبر ۱۳ مورخہ ۱۲؍اپریل ۱۸۹۹ء صفحہ ۳ تا ۷